ہیڈکوارٹر پاکستان رینجرز (پنجاب)

ضرار شہید روڈ، لاہور-33

پروگرام برائے بھرتی-پاکستان رینجرز (پنجاب)

1۔ پاکستان رینجرز (پنجاب) میں (SI No 3.15 ESTA Code (Edition-2015پاکستان رینجرز ریکروٹمنٹ رولز1968 اور بھرتی سے متعلق ملنے والی ہدایات کی روشنی میں میرٹ کی بنیاد پر خالی آسامیاں (برائے مرد وخواتین) درج ذیل صوبائی کوٹہ کے مطابق پُر کی جائیں گی:۔

نمبر شمار	**عہدہ**	**تعداد آسامیاں**	**بنیادی پے سکیل**	
الف۔	مذہبی معلم(Religious Teacher)	2	11	بشمول راشن الاؤنس و مروجہ مراعات منظور شدہ وفاقی حکومت
ب۔	لیڈی رینجرز (سپاہی جنرل ڈیوٹی)	20	5	بشمول راشن الاؤنس و مروجہ مراعات منظور شدہ وفاقی حکومت
ج۔	باورچی برائے مرد	50	5	بشمول راشن الاؤنس و مروجہ مراعات منظور شدہ وفاقی حکومت
د۔	خاکروب برائے مرد	50	1	بشمول راشن الاؤنس و مروجہ مراعات منظور شدہ وفاقی حکومت
ر۔	باربر، کارپینٹر (بڑھئی)، الیکٹریشن، مالی، میسن، پینٹر، پلمبر، درزی، دھوبی و دیگر متفرق ٹریڈز۔ برائے مرد	83	1	بشمول راشن الاؤنس و مروجہ مراعات منظور شدہ وفاقی حکومت

2۔ بھرتی درج ذیل صوبائی کوٹہ کی بنیاد پر کی جائے گی

			تعداد آسامیاں				
سیریل	صوبہ	**کوٹہ**	**مذہبی معلم**	**لیڈی رینجرز**	**باورچی**	**خاکروب**	**دیگر متفرق ٹریڈز**
الف۔	میرٹ	7.5%	0	2	4	4	6
ب۔	پنجاب بشمول فیڈرل ایریا اسلام آباد	50%	1	10	24	24	42
ج۔	سندھ (شہری)	7.6%	1	2	4	4	6
د۔	سندھ (دیہی)	11.4%		2	6	6	9
ر۔	خیبر پختونخواہ اور نئے شامل ہونے والے اضلاع (سابقہ فاٹا)	14.5%	0	3	7	7	12
ز۔	بلوچستان	6%	0	1	3	3	5
س۔	گلگت بلتستان	1%	0	0	1	1	1
ش۔	آزاد کشمیر	2%	0	0	1	1	2
	ٹوٹل	**100%***	**2***	**20***	**50***	**50***	**83***

* 5% کوٹہ اقلیتوں کے لئے قابلیت اور معیار کے مطابق مختص ہے۔

3۔ **اپلائی کرنے کا طریقہ کار**

الف۔ **لیڈی رینجرز (سپاہی جنرل ڈیوٹی)** لیڈی رینجرز (سپاہی جنرل ڈیوٹی) خواہش مند خواتین اُمیدوار اگر درج ذیل معیار پر پوری اترتی ہوں تو اپنے اصل کاغذات (ہمراہ 2 عدد فوٹو سٹیٹ) ہمراہ دو عدد ڈاک لفافے جن پر اُمیدوار کے گھر کا مکمل پتہ، فون نمبر درج ہو بتاریخ 28 ستمبر تا 02 اکتوبر 2026 کو بذاتِ خود جمع کروانے کے لیے ہیڈکوارٹرز ڈیزرٹ رینجرز بہاولپور تشریف لائیں۔ فزیکل ٹیسٹ کے لئے پی ٹی شوز ہمراہ لے کر آئیں۔ فون نمبر (062-9250457)

ب۔ **مذہبی معلم، باورچی، خاکروب اور دیگر متفرق ٹریڈز** خواہش مند اُمیدوار اگر درج ذیل معیار پر پورے اترتے ہوں تو فوٹو سٹیٹ کاغذات کے ہمراہ دو عدد ڈاک لفافے جن پر اُمیدوار کے گھر کا مکمل پتہ فون نمبر اور آسامی کا نام درج ہو، سیکٹر ہیڈکوارٹرز ستلج رینجرز، ضرار شہید روڈ، لاہور کینٹ پوسٹ بکس نمبر 6080 پر مورخہ 25 ستمبر 2026 تک برائے رجسٹریشن (مشروط خالی آسامی) بھجوائیں۔ مقررہ تاریخ کے بعد موصول ہونے والی درخواستوں پر عمل درآمد نہیں کیا جائے گا۔ فون نمبر (042-36631955)

4۔ **بھرتی کے لئے مطلوبہ کاغذات۔** اُمیدواران درج ذیل کاغذات ابتدائی رجسٹریشن میں مہیا کریں گے:-

الف۔ تمام اصل تعلیمی اسناد، سرٹیفکیٹ، ڈگری بشمول 2 عدد فوٹو کاپیاں (اگر تعلیم آٹھ جماعت پاس ہے تو سکول چھوڑنے کا سرٹیفکیٹ متعلقہ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفسر سے تصدیق ہونا چاہیے)

ب۔ نادرا کا جاری کردہ اصل شناختی کارڈ بشمول 2 عدد فوٹو کاپیاں۔

ج۔ اصل ڈومیسائل / پی آر سی بشمول 2 عدد فوٹو کاپیاں۔

د۔ 2عدد تصدیق شدہ پاسپورٹ سائز رنگین تصاویر۔

ر۔ جو امیدوار پہلے سے کسی گورنمنٹ / سیمی گورنمنٹ ادارے میں سروس کرتے ہیں وہ اپنے محکمے کے ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹ سے اصل No Objection Certificate (NOC) ابتدائی رجسٹریشن کے وقت مہیا کریں گے۔ NOC کے بغیر داخلہ ممنوع ہو گا۔

5۔ **معیار برائے اُمیدوار**

الف۔ **تعلیمی معیار**

(1)	مذہبی معلم (Religious Teacher)	- الیف اے، HEC سے منظور شدہ کسی بھی ادارہ سے شہادت العالمیہ فی العلوم العربیہ والاسلامیہ کے سند یافتہ حامل افراد اہل ہوں گے۔
(2)	لیڈی رینجرز (سپاہی جنرل ڈیوٹی)	- کم از کم مڈل پاس (نیز زیادہ تعلیم / BSN / نرسنگ کا ڈپلومہ رکھنے والیوں کو ترجیح دی جائے گی)۔
(3)	باورچی	- مڈل پاس (کھانا پکانے میں مہارت رکھتا ہو)۔
(4)	خاکروب، باربر، کارپینٹر (بڑھئی)، الیکٹریشن، مالی، میسن، پینٹر، پلمبر، درزی، دھوبی و دیگر متفرق ٹریڈز	- لکھنا پڑھنا جانتا ہو۔

ب۔ **جسمانی معیار**۔

(1) عمر - مورخہ 28 اکتوبر 2026 تک کم از کم 18 سال اور زیادہ سے زیادہ 30 سال (عمر میں گورنمنٹ کی طرف سے دی گئی 5 سال کی رعائیت شامل ہے)۔

(2) قد کم از کم

(الف)	مذہبی معلم اور باورچی	- "6-'5 نیز زیادہ قد والوں کو فائنل سلیکشن میں ترجیح دی جائے گی۔
(ب)	لیڈی رینجرز (سپاہی جنرل ڈیوٹی)	- "4-'5 نیز زیادہ قد والیوں کو فائنل سلیکشن میں ترجیح دی جائے گی۔
(ج)	خاکروب و دیگر متفرق ٹریڈز	- "3-'5 نیز زیادہ قد والوں کو فائنل سلیکشن میں ترجیح دی جائے گی۔

(3) چھاتی "33 بمعہ "½1 پھیلاؤ (برائے مرد اُمیدوار)

(4) وزن 121 پاؤنڈ کم از کم (طبی قانون کے مطابق زیادہ قابل قبول نہ ہو گا)

ج۔ **شہریت**

(1) لیڈی رینجرز (سپاہی جنرل ڈیوٹی) - (پاکستانی عورت)

(2) مذہبی معلم، باورچی و دیگر متفرق ٹریڈز - (پاکستانی مرد)

6۔ **نااہل برائے بھرتی** مندرجہ ذیل معیار والے اُمیدوار بھرتی کے لئے نااہل ہوں گے:-

الف۔ پاکستان رینجرز یا کسی سرکاری ادارے سے ڈسپلن کی بنیاد پر سروس سے برخاست کیا گیا ہو۔

ب۔ کسی عدالت سے مجرم قرار پایا گیا ہو۔

ج۔ پاکستان رینجرز یا کسی ادارے سے طبی معائنہ کی بنیاد پر ان فٹ قرار پایا گیا ہو۔

د۔ پاکستان رینجرز، آرمڈ فورسز، سول آرمڈ فورسز یا کسی سرکاری ادارے سے جعلی تعلیمی اسناد یا فراڈ کی بنیاد پر سروس سے برخاست کیا گیا ہو۔

ر۔ پاکستان رینجرز، آرمڈ فورسز یا سول آرمڈ فورسز سے اپنی مرضی پر ریٹائرڈ یا ڈسچارج / دورانِ ٹریننگ سروس سے برخاست کیا گیا ہو۔

ز۔ وہ اُمیدوار جو پہلے سے کسی سرکاری یا نیم سرکاری ادارے میں سروس کرتے ہوں وہ اپنے محکمے کے ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹ سے اصل No Objection Certificate (NOC) ساتھ نہ لائے ہوں۔

س۔ اُمیدوار جو پہلے سے آرمڈ فورسز یا سول آرمڈ فورسز میں سروس کرتے ہوں اور محکمے میں چھٹی سے تاخیر سے آنے / بغیر چھٹی کے بھگوڑہ ہونے کی بنیاد پر غیر حاضر ہوں۔

ش۔ قومی شناختی کارڈ اور تعلیمی اسناد میں نام یا تاریخ پیدائش میں فرق یا تفصیلات میں ردوبدل کا ہونا۔

7۔ **سلیکشن کا طریقہ کار**

الف۔	فزیکل ٹیسٹ	- اُمیدوار فزیکل ٹیسٹ کے لیے جوگر / پی ٹی شوز ساتھ لائیں۔
ب۔	تحریری امتحان	- اُمیدوار تحریری امتحان میں استعمال ہونے والا سامان ساتھ لائیں۔
ج۔	نفسیاتی امتحان / انٹرویو	- صرف شارٹ لسٹڈ اُمیدواران کا نفسیاتی امتحان / انٹرویو لیا جائے گا۔
د۔	حتمی سلیکشن	- حتمی سلیکشن اہلیت اور معیار کے مطابق ہیڈ کوارٹر پاکستان رینجرز (پنجاب) لاہور میں ہو گی۔
ر۔	حتمی / طبی معائنہ	- طبی معائنے کے دوران اُمیدواروں کا چھاتی کا ایکسرے، Serum ALT, Serum Creatinine, Blood ESR, Blood CP، ہیپاٹائٹس بی، ہیپاٹائٹس سی، HIV Test، پیشاب ٹیسٹ، ای سی جی، خون کا گروپ، شوگر ٹیسٹ، الٹرا ساؤنڈ (مکمل معدے کا)، نفسیاتی معائنہ، HB Electrophoresis اور LDH Blood Serum ٹیسٹ کئے جائیں گے۔

ز۔ کال لیٹر - حتمی طبی معائنہ میں کامیاب اُمیدواروں کو ٹریننگ میں شمولیت کیلئے کال لیٹر کا اجراء کیا جائے گا۔

8۔ **ٹریننگ**

ا۔ **لیڈی رینجرز (سپاہی جنرل ڈیوٹی)** حتمی طور پر منتخب ہونے والی اُمیدواروں کو بنیادی ٹریننگ سیکٹر ہیڈ کوارٹر ڈیزرٹ رینجرز، بہاولپور میں حاصل کرنا ہو گی۔

ب۔ **باورچی** حتمی طور پر منتخب ہونے والے اُمیدواروں کو بنیادی ٹریننگ پاکستان رینجرز اکیڈمی منڈی بہاؤالدین میں حاصل کرنا ہو گی۔

9۔ **تنخواہ اور الاؤنسز (منتخب امیدوار)**

الف۔ بنیادی تنخواہ برائے مذہبی معلم BPS-11

ب۔ بنیادی تنخواہ برائے لیڈی رینجرز (سپاہی جنرل ڈیوٹی) و باورچی BPS-05

ج۔ بنیادی تنخواہ برائے خاکروب و دیگر متفرق ٹریڈز BPS-01

د۔ الاؤنسز مروجہ قوانین کے مطابق

ر۔ رہائش مفت رہائش اور شادی شُدہ افراد کیلئے ہاؤس رینٹ الاؤنس بنیادی پے سکیل کا 30% یا 45% کے مطابق دیا جائے گا۔

ز۔ دورانِ بھرتی کوئی TA/DA نہیں دیا جائے گا۔

10۔ **درج ذیل ہدایات کو یقینی بنائیں۔**

الف۔ فائنل سلیکشن کا اختیار ڈائریکٹر جنرل پاکستان رینجرز (پنجاب) کو ہے۔ لہٰذا اس سلسلہ میں کسی رینجرز ملازم یا سول شخص سے رابطہ نہ کیا جائے۔

ب۔ یہ بھرتی تمام متعلقہ دستاویزات کی تصدیق اور مجاز اتھارٹی سے حتمی منظوری تک عارضی تصور کی جائے گی۔

ج۔ اگر کسی اُمیدوار کے دستاویزات جعلی ثابت ہوئے تو اُمیدوار کو سروس سے برخاست کر کے قانونی کاروائی کی جائے گی۔

د۔ دوران بھرتی کسی بھی قسم کی سفارش اور مداخلت کو قبول نہیں کیا جائے گا۔

ر۔ اسکریننگ ٹیسٹ کے دوران دھوکہ دہی، نقل یا کوئی بھی خلافِ ضابطہ طریقہ اختیار کرنے پر بھرتی کے عمل سے فی الفور خارج کر دیا جائے گا۔

11۔ نوٹ:- دورانِ بھرتی کوئی بھی متعلقہ یا غیر متعلقہ شخص آپ کو بھرتی کرنے کا وعدہ یا لالچ دے تو مندرجہ ذیل نمبروں پر فوراً اطلاع کریں۔ (042-99220037-8)

لیفٹیننٹ کرنل
آفیسر انچارج ریکارڈز
برائے ڈائریکٹر جنرل
(پاکستان رینجرز (پنجاب)